UD-01

June - Examination 2026
B. A. (Part-I) Examination
URDU
Ghair Afsanvi Nasr
गैर अफसानवी नस्र
Paper : UD-01

[*Time: **3** Hours*] [*Maximum Marks: **70***]

ہدایت:۔ اس پرچے کو تین حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حصّہ 'الف'، 'ب' اور 'ج'۔ ہر حصّے کے سامنے مقررہ نمبر تحریر کئے گئے ہیں۔

7×2=14

(حصّہ - الف)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تقریباً تیس(30) الفاظ میں تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے لئے دو(2) نمبر مقرر ہیں۔

سوال 1 (i) غیر افسانوی نثر کے دو اقسام بتایئے۔

(ii) خاکہ کی تعریف بیان کیجئے۔

(iii) انشائیہ کی ابتداء کس نثر نگار سے مانی جاتی ہے؟

(iv) "اداریہ نگاری" سے کیا مراد ہے؟

(v) خاکہ "سر اقبال" کس نے لکھا ہے؟

(vi) انشائیہ "مچھر" کس نے لکھا ہے؟

(vii) مضمون "اپنی مدد آپ" کے مصنّف کون ہیں؟

7×4=28

(حصّہ - ب)

نوٹ:۔ درج ذیل سوالات میں سے کل چار(4) سوالات کے جوابات تقریباً دو سو(200) الفاظ میں تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے لئے (7) سات نمبر مقرر ہیں۔

سوال 2 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح مع سیاق و سباق کے حوالے سے کیجئے۔

(الف)

لوگ بادشاہوں اور امیروں کے قصیدے اور مرثیے لکھتے ہیں۔ نامور اور مشہور لوگوں کے حالات قلمبند کرتے ہیں۔ میں ایک غریب سپاہی کا حال لکھتا ہوں اس خیال سے کہ شاید کوئی پڑھے اور سمجھے کے دولت مندوں 'امیروں' اور بڑے لوگوں کے ہی حالات لکھنے اور پڑھنے کے قابل نہیں ہوتے بلکہ غریبوں میں بھی بہت سے ایسے ہوتے ہیں کہ اُن کی زندگی ہمارے لئے سبق آموز ہو سکتی ہے۔ انسان کا بہترین مطالعہ انسان ہے اور انسان ہونے میں امیر اور غریب کا کوئی فرق نہیں۔

(ب)

یہ بھنبھناتا ہوا ننّھا سا پرندہ آپ کو بہت ستاتا ہے۔ رات کی نیند حرام کر دی ہے۔ 'ہندو' ،'مسلمان' ،'عیسائی'، 'یہودی' سب سے بالاتفاق اس سے ناراض ہیں۔ ہر روز اُس کے مقابلے کے لئے مہمیں تیار ہوتی ہیں۔ جنگ کے نقشے بنائے جاتے ہیں، مگر مچّھروں کے جنرل کے سامنے کسی کی نہیں چلتی ہے۔ شکست پر شکست ہوتی چلی جاتی ہے اور مچّھروں کا لشکر بڑھا چلا جاتا ہے۔ اتنے بڑے ڈیل ڈول کا انسان ذرا سے بُھنگے پر قابو نہیں پا سکتا۔ طرح طرح کے مسالے بھی بناتا ہے کہ اُن کی بو سے مچّھر بھاگ جائیں، لیکن مچھر اپنی یورش سے باز نہیں آتے ہیں اور نعرے لگاتے ہوئے آتے ہیں۔ بے چارہ آدم زاد حیران رہ جاتا ہے اور کسی طرح اُن کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

سوال 3 انشائیہ کے ارتقاء کا عہد بہ عہد جائزہ پیش کیجئے۔

سوال 4 غالبؔ کی خطوط نگاری کی اہم خصوصیات واضح کیجئے۔

سوال 5 اردو صحافت کا آغاز وارتقاء بتائیے۔

سوال 6 خاکہ نگاری کی فنی خصوصیات تحریر کیجئے۔

سوال 7 پطرس کی انشائیہ نگاری پر تبصرہ کیجئے۔

سوال 8 مولانا ابوالکلام آزاد کے کسی ایک خطوط کا جائزہ پیش کیجئے۔

سوال 9 کالم نگاری کی خوبیاں بیان کیجئے۔

2×14=28

(حصّہ - ج)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو(2) سوالات کے جوابات تقریباً پانچ سو(500) الفاظ میں دیجئے۔ ہر سوال کے لئے چودہ(14) نمبر مقرر ہیں۔

سوال 10 اردو میں غیر افسانوی ادب کی تاریخ کا مفصل جائزہ پیش کیجئے۔

سوال 11 سرسید کی انشائیہ نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

سوال 12 خبر کی اہمیت بتاتے ہوئے خبر بندی کے لوازم بیان کیجئے۔

سوال 13 کسی دو پر مختصر نوٹ لکھئے۔

(الف) کالم نگاری

(ب) اداریہ نگاری

(ج) فیچر نگاری

(د) صحافت کا فن
